Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۶ جمادی الثانی ۱۳۵۲ھ مطابق ۷ اکتوبر ۱۹۳۳ء — جلد

حصہ دوئم

احکام منسٹر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس جناب چیف منسٹر بہادر	۲	۶	فہرست مقدمات ہائیکورٹ	[illegible]
۲	حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر	۳	۷	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	[illegible]
۳	احکام اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر	۴	۸	نقشہ نرخنامہ اجناس و بارش	
۴	حکم اجلاس صاحب فنانس منسٹر بہادر	״			
۵	احکام اجلاس صاحب ریوینیو منسٹر بہادر	۵			

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

تقرر

۲۸ ستمبر ۱۹۳۳ء

حسب تحریر گارڈین صاحب بہادر - جمن گوذر مشاہرہ دار [illegible] کو ملازمت سے سبکدوش کیا جاتا ہے۔ اور بجائے اوسکے مسمی چیٹن گوذر کا تقرر کیا جانا منظور ہے۔ بحالت قیام عالیجناب ولیعہد بہادر بمقام شملہ وغیرہ چیٹن گوذر کو بالمقطع [illegible] ماہانہ مع الاؤنس و مصارف گرم - لکڑی و مسالہ وغیرہ دیئے جائینگے - اور بحالت قیام رامپور چیٹن مذکور کو صرف [illegible] ملیں گے - مصارف گرم وغیرہ کیلئے کوئی اور رقم نہیں دیجائیگی - یکم اکتوبر ۳۳ء سے عملدرآمد کیا جائے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

معافی

۳۰ ستمبر ۱۹۳۳ء

ربنا شکایت عدالت صاحب چیف مجسٹریٹ بابت نقص ثبوت و التوائے تفتیش مقدمہ سرکار بہادر ذریعہ سجن خاں طفل نام حافظ خاں ملزم جرم دفعہ ۳۶۷/۵۱۱ تعزیرات رامپور بحکم اجلاس ہذا مورخہ ۲۴ اگست ۳۳ء سردار علیخاں سب انسپکٹر دوم تھانہ گنج مبدل کوتوالی کا ایک ماہ کیواسطے [illegible] پر تنزل ہوا تھا سب انسپکٹر مذکور نے اظہار حسن خدمات سابقہ معافی تنزل کی درخواست پیش کی ہے جسپر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس اور صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس نے سفارش کی ہے چونکہ سردار علیخاں سب انسپکٹر کا یہ پہلا قصور تھا اسلیئے اس تنزل کی معافی دیجاتی ہے آیندہ اگر کوئی شکایت مسموع ہوئی تو سخت سزا دیجائیگی - بلحاظ خدمات ما بعد اجرائے احکام از سررشتہ صدر بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس مرسل ہوں -

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

برخاستگی

یکم اکتوبر ۳۳ء

عبدالحمید اہلمد اجلاس ہذا تاریخ امروزہ سے برخاست کیا جائے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

تقرر

۳ اکتوبر ۳۳ء

عبدالحمید اہلمد اجلاس برخاست ہو چکا ہے - اسکی اسامی پر سید امانت علی کا تقرر بمشاہرہ [illegible] ماہوار منظور کیا جاتا ہے - نامبردہ پہلے بھی اجلاس ہذا میں اہلمد رہ چکا ہے تخفیفاً ملازمت سے علیحدہ ہوا تھا - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

۲ اکتوبر ۳۳ء

معروضہ یادداشت صاحب ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت رعایتی ۳۰ یوم مطلوبہ منظور حسن اہلمد مدرسہ عالیہ رامپور مشاہرہ دار [illegible] /

از یوم استفادہ بغرض شرکت عرس اجمیر شریف بدرخواستی بختیار الدین احمد صدر مدرسہ سوار ۔

حکم

بموجب یادداشت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر و تصدیق اکاؤنٹ آفس مرزا منظر حسن احمد باسپر صدر کی رخصت رعایتی ۲۰ یوم از یوم استفادہ منظور ہے کاغذات بغرض کارروائی و اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہوں ۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

۳ اکتوبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر ظہری عرضی منشی انوار الحسن محافظ دفتر دار الانشاء مشاہرہ دار عہ بدرخواست رخصت رعایتی ۱۵ یوم از ۳۰ ستمبر ۱۹۳۳ء لغایتہ ۱۴ اکتوبر ۱۹۳۳ء بوجہ علالت خود ۔

حکم

۳۰ ستمبر لغایتہ ۱۴ اکتوبر ۱۵ یوم کی رخصت رعایتی منظور کیجاتی ہے ۔ سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں ۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

۴ اکتوبر ۱۹۳۳ء

مصدرہ تحریر صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی ۲۰ یوم بوضع نصف تنخواہ مطلوبہ ماسٹر عظمت اللہ خاں ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول مشاہرہ دار عہ از ۳ لغایتہ ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۳ء بوجہ آشوب چشم خود و علالت اہلیہ خود

حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول مصدقہ صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر ۔

حکم

حسب تحریر صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر عظمت اللہ خاں ماسٹر ہائی اسکول کی رخصت ۲۰ یوم من ابتدا ۳ لغایتہ ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۳ء رعایتی بوضع نصف تنخواہ منظور کیجاتی ہے ۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

رخصت

۳۰ ستمبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر مع تحریر صاحب ایگزیکٹیو آفیسر میونسپلٹی دربارہ منظوری رخصت رعایتی آٹھ یوم مطلوبہ صاحبزادہ سید شجاع اللہ خاں بہادر انسپکٹر چنگی مشاہرہ دار عہ از ۱۶ لغایتہ ۲۳ ستمبر ۱۹۳۳ء بوجہ علالت نامبردہ ۔

حکم

حسب سفارش و اتفاق رائے اکاؤنٹنٹ آفس شجاع اللہ خاں بہادر انسپکٹر چنگی کی رخصت رعایتی ۸ یوم از ۱۶ ستمبر ۱۹۳۳ء منظور ہے بغرض اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو ۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

حکم اجلاس جناب صاحب ہاؤس ہولڈ ممبر صاحب بہادر

رخصت

۲۶ ستمبر ۳۳ء

مثبتہ تحریر صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر ہاؤس ہولڈ معہ رپورٹ مہتمم صاحب باورچیخانجات عام مہمانداری دربارہ منظوری رخصت رعایتی دس یوم عبدالرحمن کنفکشنر ملازم باورچیخانہ انگریزی مہمانداری مشاہرہ دار (۳۰) از ۱۳ لغایت ۲۲ ستمبر ۳۳ء بضرورت نجی۔

حکم

عبدالرحمن کنفکشنر تنخواہدار (۳۰) کو دس یوم کی اجازت دیدی گئی تھی تصدیق صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل سے استحقاق رخصت ثابت ہے۔ لہذا دس یوم کی رعایتی رخصت تاریخ استفادہ سے منظور ہے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط جناب کنٹرولر صاحب ہاؤس ہولڈ نائب جناب ہاؤس ہولڈ ممبر صاحب بہادر

منسوخی رخصت

مثبتہ تحریر جناب سپرنٹنڈنٹ صاحب باغات بابت منسوخی رخصت الغائے ایام استفادہ مطلوبہ جناب منشی علی مہتمم نرسری باغات منظور شدہ ۲۰ ستمبر ۳۳ء

حکم

بوجہ عدم استفادہ رخصت سہ یوم منظور شدہ کی تنسیخ کیجاتی ہے۔ بحکم اطلاع آمد کنٹرولر صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ و اسپرنٹنڈنٹ صاحب ۳۰ اکتوبر ۳۳ء

دستخط جناب ہاؤس ہولڈ ممبر صاحب بہادر

احکام منسوخی رخصت حالیہ صدر سے جاری ہوں۔ ۵ اکتوبر ۳۳ء

دستخط کنٹرولر صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ

حکم اجلاس جناب صاحب فائنانس ممبر صاحب بہادر

رخصت

۳۰ ستمبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ عرضی سید بدرالدین ناظر اجلاس جناب صاحب فائنانس ممبر صاحب بہادر بدرخواست عطائے رخصت اتفاقیہ چند یوم از ۳۰ ستمبر ۳۳ء لغایتہ ۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء بوجہ علالت خود۔

حکم

۲۹ ستمبر کو جمعہ تھا۔ اور ۶ اکتوبر کو جمعہ ہوگا۔ اسصورت میں یہ گنندہ وار ہوگی۔ لہذا بجائے رخصت اتفاقیہ چند یوم مطلوبہ کے سات یوم کی رخصت اتفاقیہ بذمہ داری عبدالرحمن خاں اہلمد منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط جناب فائنانس ممبر صاحب بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

واقع یکم اکتوبر ۱۹۳۳ء

مثل یادداشت اگزیکیٹو انجینیر صاحب انہار بابتہ منظوری رخصت رعایتی پندرہ یوم موہن لال اہلمد انہار مشاہرہ دار پندرہ روپیہ از ۲ ستمبر ۱۹۳۳ء معرفتہ صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب اگزیکیٹو انجینیر انہار رخصت رعایتی پندرہ یوم موہن لال اہلمد منظور ہو احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

واقع ۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک بابتہ منظوری رخصت رعایتی دس یوم نندی پرشاد واصل باقی نویس مشاہرہ یاب تیئس روپیہ از ۱۸ ستمبر ۱۹۳۳ء و بذریعہ پیدا پیشی و سیاہہ نویس معرفت ناظم صاحب جنوبی۔

حکم

دس یوم کی رخصت رعایتی نندی پرشاد واصل باقی نویس تحصیل ملک با انتظام مجوزہ تحصیل منظور ہو احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

واقع ۵ / اکتوبر ۱۹۳۳ء

فہرست پیشی مقدمات جنکی پیشی عدالت العالیہ ہائیکورٹ میں من ابتدائے ۲۹ / ستمبر ۱۹۳۳ء لغایت ۵ / اکتوبر ۱۹۳۳ء ہوئی منسلکہ ہذا برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب حبیب جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۲۹ / ستمبر	جمعہ				تعطیل
۳۰ / ستمبر ۱۹۳۳ء	شنبہ	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	سرکار بہادر بذریعہ العدر کی خان بنام احسن میاں وغیرہ۔	ابتدائی سشن جرم دفعہ ۳۶۶ ت	بقیہ ثبوت پیش کرنے کیلئے ۹ / اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی۔
"	"	مسٹر معظم علی خانصاحب بہادر حبیب جسٹس	بہاری بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ ت ش	اپیل نامنظور ہوا۔
"	"	مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	عبدالرؤف خان بنام سکندر بیگم	اپیل دیوانی دعوی استقرار حق	برائے سماعت ۱۱ / اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی۔
"	"	"	سماۃ سدن بیگم بنام چوامل	اپیل دیوانی دعوی مسدودگی دروازہ۔	بربنائے تصفیہ باہمی اپیل فیصل ہوا۔
"	"	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	رادھے رمن وغیرہ بنام میانجی نعمان وغیرہ۔	ابتدائی دیوانی دعوی تنسیخ دستاویزات باستقرار حق	دعوی مدعیان ڈگری ہوا
"	"	"	بابو رام بنام سماۃ کلاوتی وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible]	آج پیش ہوکر برائے دخل بیان تحریری ۲۴ / اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی۔
"	"	مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	نور جہاں بیگم بنام صبغۃ احمد خان وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی دخلیابی مکان بحق شفع۔	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۶ / اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سماۃ کنیز شوقی بنام لالہ پرشاد	اپیل دیوانی دعوی [illegible] ۱۲ / ۹	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۲۰ / اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر معظم علی خانصاحب بہادر حبیب جسٹس	رفیق خان بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ ت	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۲۴ / اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	جگل کشور بنام حسن خان	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۴۱۱ ت	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۰ / اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی

یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۳ء	یک شنبہ	مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	عزیز الرحمن خان بنام یونس خان	اپیل دیوانی دعوی دخلیابی مکان۔	برائے سماعت ۵ اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی۔
"	"	"	احمد النساء بیگم بنام معین الدین خان	درخواست اجازت نالش مفلسانہ۔	درخواست مفلسی نامنظور ہوئی۔
"	"	مسٹر معظم علی صاحب بہادر چیف جسٹس	چندا پیاری خان بنام سرکار بہادر بذریعہ جبیکہ	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۲ و ۳۷۹ ت ش۔	برائے سماعت ۱۸ اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی۔
"	"	مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	چھنو خان وغیرہ بنام شیخ اسد وغیرہ۔	ابتدائی دیوانی دعوے حاصلہ۔	بیانات گواہان مدعیان قلمبند کرنے کے واسطے ۵ اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی۔
"	"	"	بابو رام بنام مسماۃ گلاوتی وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی دلانے زر ...	برائے داخل بیان تحریری ۲۳ اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی۔
۲ اکتوبر سنہ ۱۹۳۳ء	دو شنبہ	مسٹر معظم علی صاحب بہادر چیف جسٹس	سرکار بہادر بذریعہ سوالاسی بنام مسماۃ تمیا بنام سیطوا وغیرہ۔	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت ش	سماعت بقیہ شہادت کے ملتوی استصواب کیا گیا۔
"	"	مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	خدیجہ بیگم بنام سعادت اللہ خان وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی تقسیم مکان	برائے سماعت گواہان مدعیہ ۹ اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی۔
۳ اکتوبر سنہ ۱۹۳۳ء	سہ شنبہ	"	سرکار بہادر بذریعہ سوالاسی بنام مسماۃ تمیا	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت ش	بقیہ ثبوت پیش کرنے کے واسطے ۵ اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر معظم علی صاحب بہادر چیف جسٹس	دیبی پرشاد بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ ت ش	برائے طلبی ڈاکٹر ۹ اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی
۴ اکتوبر سنہ ۱۹۳۳ء	چہار شنبہ	مسٹر معظم علی صاحب بہادر چیف جسٹس مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	اشفاق احمد بنام نبیع اللہ خان	اپیل دیوانی دعوی ... ۳۱۲	زیر تجویز
"	"	مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	اکبری بیگم بنام اسد اللہ خان وغیرہ	درخواست اجازت نالش مفلسانہ	بانتظار واپسی سمن ۱۲ اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	حافظ احمد علی خان بنام غلام سبحانی خان	ابتدائی دیوانی دعوی حاصلہ	برائے پیشی درخواست ترمیم ۵ اکتوبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر معظم علی صاحب بہادر چیف جسٹس مسٹر عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	سرکار بہادر بنام رتن	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۱۱ ت ش	زیر تجویز
"	"	مسٹر معظم علی صاحب بہادر چیف جسٹس	چندا پیاری خان بنام جبیکہ	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۲ و ۳۷۹ ت ش	زیر تجویز

۴ اکتوبر	چہار شنبہ	مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب انصاری	طوطا عرف طوطی بنام سرکار	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۲	اپیل نامنظور ہوا
۵ اکتوبر	پنجشنبہ	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب انصاری	سرکار بذریعہ ہولاسی مسماۃ بنام پہلوا وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲	زیر پیشی
″	″	″	حافظ احمد علی خاں بنام غلام محی الدین خاں	ابتدائی دیوانی دعوی	زیر پیشی
″	″	مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب انصاری	رام سروپ بنام گنگا پرشاد	اپیل دیوانی دعوے دخلیابی اراضی	زیر پیشی

حکم اجلاس جناب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر

رخصت

۷ اکتوبر ۱۹۳۳ء

ظہری مرتضی سید ناصر علی اہلمد آڈٹ مشاہرہ دار ۴۲ روپیہ بدرخواست رخصت رعایتی بارہ یوم از ۳ لغایت ۱۴ اکتوبر ۱۹۳۳ء بوجہ علالت خود بذمہ داری پتیم پرشاد اہلمد آڈٹ۔

حکم

بارہ یوم کی مطلوبہ رخصت رعایتی منظور ہے۔

بغرض عملدرآمد ضابطہ حوالہ سروس ریکارڈ ہو فقط

بعد عملدرآمد مذکور۔ کاغذ ہذا بغرض اجرائے احکام ضابطہ بخدمت جناب ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر مرسل ہو فقط تاریخ و دستخط صدر

دستخط جناب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر

حکم دفتر ڈائرکٹر صاحب زراعت

رخصت

۳۰ ستمبر ۳۳ء

مثبتہ رپورٹ اہلمد اجلاس بدیں خلاصہ کہ عبداللہ خاں نائب رجسٹرار تحصیل سوار مشاہرہ یاب ۲۰ روپے ابتداءً رخصت رعایتی ایکماہ از ۱۴ جون لغایت ۱۳ جولائی ۳۳ء حاصل کی۔ ازاں بعد دوسری رخصت ایکماہ بعوض حسین احمد از ۱۴ جولائی لغایت ۱۳ اگست ۱۹۳۳ء اور تیسری رخصت ایکماہ از ۱۴ اگست لغایت ۱۳ ستمبر ۳۳ء بعوض سابق منظور ہوئی۔ اب یہ درخواست بابتہ رخصت مزید ایکماہ از ۱۴ ستمبر ۳۳ء موصول ہوئی ہے۔ بانتظام سابق ایکماہ کی رخصت منظور ہو سکتی ہے۔ مد تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر بدیں مضمون کہ رخصت رعایتی تین ماہ حاصل شدہ باعتبار سارٹیفکٹ ڈاکٹری نصف تنخواہ پر شمار ہوگی اور مزید ایکماہ کی رخصت نصف تنخواہ پر دیجا سکتی ہے۔

حکم

رخصت ایکماہ بوضع تنخواہ بانتظام سابقہ منظور ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ڈائرکٹر صاحب زراعت

حکم دفتر سپرنٹنڈنٹ صاحب موٹر گراج

مستقلی

یکم اکتوبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر انچارج صاحب ورکشاپ دربارہ مستقلی عارف اللہ خان کلرک بوجہ حسن انجام کار بزمانہ امتحانی سہ ماہ۔

حکم

عارف اللہ خان کا تقرر عارضی بعہدہ کلرکی موٹر خانہ تین ماہ کیواسطے بہ تنخواہ دس روپیہ ماہوار کیا گیا تھا۔ جسکی میعاد ۳۰ ستمبر ۱۹۳۳ء کو ختم ہوگئی لہذا حسب رپورٹ انچارج صاحب ورکشاپ موٹر خانہ عارف اللہ خان ولد نعمت اللہ خان کا تقرر مستقل بعہدہ کلرک دفتر بہ تنخواہ دس روپیہ ماہوار یکم اکتوبر ۱۹۳۳ء سے منظور کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری کیجائیں۔

دستخط سپرنٹنڈنٹ صاحب موٹر گراج

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ہفتہ اول ماہ اکتوبر ۱۹۳۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گیہوں	۱۲/۱۳ سیر	۱۳ سیر	۱۳ سیر	۱۲ سیر	۱۳ سیر	۱۲ سیر	
نخود خالص	۱۶ سیر	۱۶ سیر	۱۸ سیر	۲۰ سیر	۱۴ سیر	۱۶ سیر	
نخود گندم آمیز	۱۹ سیر	۱۴ سیر	۲۰ سیر	۲۲ سیر	۱۹ سیر	۱۸ سیر	
جو	۲۱ سیر	۱۴ سیر	۲۰ سیر	۲۲ سیر	۲۲ سیر	۱۹ سیر	
ماش	۱۱ سیر	۱۵ سیر	۱۲ سیر	۱۱ سیر	۱۲ سیر	۱۳ سیر	
مونگ	۱۲ سیر	۱۳ سیر	۰	۰	۱۰ سیر	۱۳ سیر	
چنا	۱۹ سیر	۲۰ سیر	۲۱ سیر	۲۵ سیر	۲۰ سیر	۰	
چنی	۲۱ سیر	۰	۰	۰	۲۴ سیر	۲۳ سیر	
سرخ چنی	۰	۰	۰	۰	۲۰ سیر	۱۹ سیر	
عدس	۱۵ سیر	۱۵ سیر	۰	۱۶ سیر	۱۶ سیر	۱۶ سیر	
ارہر	۱۴ سیر	۰	۰	۹ سیر	۱۳ سیر	۱۳ سیر	
برنج	۸ سیر	۱۰/۱۱ سیر	۸ سیر	۸/۹/۱۰ سیر	۸ سیر	۱۰ سیر	
روغن زرد	۱۱ چھٹانک	۱۳ چھٹانک	۱۳ چھٹانک	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	۳ سیر	۳ سیر	۳ سیر	۳ سیر	۳ سیر	۳ سیر	
روغن سرسوں	۳ سیر	۳ سیر	۳ سیر	۳ سیر	۲ سیر	۲ سیر	
شکر دیسی	۹ سیر	۹ سیر	۸ سیر	۹ سیر	۱۰ سیر	۹ سیر	
نمک لاہوری	۱۵ سیر	۸ سیر	۷ سیر	۷ سیر	۰	۸ سیر	
نمک سیاہ	۸/۹ سیر	۹/۱۰ سیر	[illegible]	۹ سیر	۹ سیر	۱۴ سیر	
برچون	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائی ۲۷ ستمبر لغایت ۳ اکتوبر سنہ ۱۹۳۳ء ریاست رام(پور)

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد انچ	بارش از یکم جون	تعداد انچ	بارش از یکم جون	تعداد انچ	بارش از یکم جون	تعداد انچ	بارش از یکم جون	تعداد انچ	بارش از یکم جون	تعداد انچ	بارش از یکم جون
۲۷ ستمبر ۱۹۳۳ء	۰	۵۲۸	۰	۴۹۱	۰	۴۷۵ ½	۰	۴۱۰ ½	۰	۴۷۰	۰	۵۰۹
۲۸ ستمبر ۱۹۳۳ء	۰	۵۲۸	۰	۴۹۱	۰	۴۷۵ ½	۰	۴۱۰ ½	۰	۴۷۰	۰	۵۰۹
۲۹ ستمبر ۱۹۳۳ء	۰	۵۲۸	۲	۴۹۳	۰	۴۷۵ ½	۰	۴۱۰ ½	۰	۴۷۰	۰	۵۰۹
۳۰ ستمبر ۱۹۳۳ء	۰	۵۲۸	۰	۴۹۳	۰	۴۷۵ ½	۰	۴۱۰ ½	۰	۴۷۰	۰	۵۰۹
۱ اکتوبر ۱۹۳۳ء	۰	۵۲۸	۰	۴۹۳	۰	۴۷۵ ½	۰	۴۱۰ ½	۰	۴۷۰	۰	۵۰۹
۲ اکتوبر ۱۹۳۳ء	۰	۵۲۸	نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا		۰	۴۷۰	۰	۵۰۹
۳ اکتوبر ۱۹۳۳ء	۰	۵۲۸	بشتر صدر		بشتر صدر		بشتر صدر		۰	۴۷۰	نقشہ نہیں آیا	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور